Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

عدت کیس میں سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت کرنے والے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکا کے فیصلے سے متعلق ریمارکس پر تحریک انصاف کا ردعمل

بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف قائم عدت کیس انسانی تاریخ کا بیہودہ ترین مقدمہ ہے، عدت کیس کا واحد مقصد عمران خان اور محترمہ بشریٰ بی بی کو غیر اخلاقی طور پر سیاسی انتقام کا نشانہ بنانا ہے،

عدت کیس کا نہایت سست روی سے چلایا جانے والا ٹرائل آخر کار مکمل ہو چکا ہے جبکہ فیصلہ آنا باقی ہے،

عدت کیس میں سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت کرنے والے جج صاحب کے تاثرات سے واضح غیر آئینی و غیر قانونی اور ماورائے انصاف دباؤ کے آثار نمایاں ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ہمارا نظام عدل تاریخ کے بدترین دور سے گزر رہا ہے اور ماورائے آئین قوتوں کے شکنجے میں سسک رہا ہے،

اسلام آباد ہائیکورٹ کے 6 ججز اور انسداد دہشت گردی عدالت سرگودھا کے جج کے خط کیساتھ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کے تاثرات عدلیہ میں عسکری ایجنسیوں کی بدترین مداخلت کی شہادت دے رہے ہیں،

عمران خان کے خلاف 203 سے زائد مقدمات میں اس سے زیادہ کوئی وزن نہیں کہ ہمارے مقتدر حلقے انہیں نشانہ انتقام بنانے اور جبراً قید میں رکھنے پر بضد ہیں،

بانی چیئرمین عمران خان کو ناحق جیل میں رکھنے کیلیئے ججوں اور عدالتوں سے بزور طاقت مرضی کے فیصلے حاصل کیے گئے،

عدت کیس کا ٹرائل مکمل ہو چکا لہٰذا جج صاحب آئین و قانون سے اپنی وفاداری نبھائیں اور معاملے کو کسی کی مرضی سے طول دینے کی بجائے فوری فیصلہ سنائیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ